اصحابِ صفہ کی حالت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ بہتر نہ تھی۔ یہ لوگ نہایت نادار اور مفلس تھے اور اپنا سب کچھ چھوڑ کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے در پر دھونی رما کر بیٹھ گئے تھے۔ جہاں تک ممکن ہوتا حضورؐ سے فیض پاتے۔ مگر آسمانی علم کے شیدا تھے اس لئے دوسروں سے بھی سیکھتے رہتے لکھا ہے اصحابِ صفہ میں سے کچھ لوگ دن کو میٹھا پینے کا پانی بھر لاتے۔ بعض جنگل سے لکڑیاں چن کر لاتے اور ان کو بیچ کر جو آمدنی ہوتی اس سے کھانے پینے کا سامان کرتے۔ لیکن اس مصروفیت کی وجہ سے ان کو دن میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع نہیں ملتا تھا۔ اس بنا پر انھوں نے تعلیم کا وقت رات کو مقرر کر لیا تھا۔ مسند احمد بن حنبل میں ہے کہ:۔

جب رات ہو جاتی تھی تو یہ لوگ ایک معلم کے پاس جاتے تھے اور صبح تک پڑھتے تھے اور دن کو پھر مزدوری یا تجارت کر کے روزی کماتے تھے۔

(صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب ثبوت الجنۃ للشہید اور مسند احمد جلد ۳ صفحہ ۱۳۷)

سارا دن مزدوری کر کے رات حصولِ علم اور عبادتِ الٰہی میں گزارنا کوئی معمولی کام نہیں۔ یہ واقعہ اس گہری شیفتگیٔ علم پر دلالت کرتا ہے جو صحابہؓ کے دلوں میں موجود تھی۔ ان اصحابِ صفہ میں سے ایک بہت نمایاں نام حضرت ابو ہریرہؓ کا ہے۔ وہ اپنے حصولِ علم کی داستان یوں بیان کرتے ہیں:۔

"میرے بھائی مہاجرین تجارت میں اور انصار کھیتی باڑی میں مصروف رہتے تھے۔ لیکن میں مساکین صفہ کا ایک فرد تھا۔ اس لئے ہر وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر رہتا تھا۔ اس بناء پر جب وہ لوگ غائب ہوتے تھے تو میں حضورؐ کی خدمت میں موجود رہتا تھا اور جب یہ لوگ بھولتے تھے تو میں یاد کیا کرتا تھا۔"

(بخاری کتاب البیوع باب فی قول اللہ فاذا قضیت الصلوٰۃ)

اس داستان کی مزید تفصیل بھی انہی کی زبان سے سنیں:۔

"میں رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی باتیں سننے کے لئے مسجد نبوی میں پڑا رہتا تھا اور کسی وقت بھی مسجد سے دور جانا اس لئے پسند نہ کرتا تھا کہ شاید کسی وقت حضورؐ آجائیں اور میں نہ ہوں تو میں حضورؐ کا ارشاد سننے سے محروم رہ جاؤں گا۔ اس حال میں بعض دفعہ یہ حالت ہو جاتی کہ بھوک کے مارے میرے منہ سے بات نہیں نکل سکتی تھی اور اسی حال میں سات سات وقت فاقے گزر جاتے بعض اوقات فاقہ سے میری یہ حالت ہو جاتی تھی کہ میں بے ہوش ہو کر گر جاتا تھا۔ لوگ سمجھتے تھے کہ مجھے مرگی ہو گئی ہے۔ عرب میں یہ قاعدہ تھا کہ مرگی والے کو جوتے مارے جاتے تھے تاکہ اسے ہوش آجائے۔ چنانچہ میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوتا اور لوگ نہیں سمجھتے تھے کہ میں تو بھوک کی وجہ سے بیہوش ہوں۔"

(صحیح بخاری کتاب الاعتصام باب ما ذکر النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

ایسے بے نفس اور شیدائیوں کے دل کیوں علم کے نور سے لبریز نہ ہوں۔ چنانچہ صحابہؓ میں سے سب سے زیادہ روایات انہی سے مروی ہیں۔ مگر اسی پر بس نہیں جب خدا علم دیتا ہے تو اس کی حفاظت کا فکر دامن گیر ہو جاتا ہے تو صحابہؓ بڑے تعہد سے اسے محفوظ رکھتے ہیں۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں رات کے تین حصے کرتا ہوں۔ ایک میں سوتا ہوں۔ ایک میں نماز پڑھتا ہوں اور ایک میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی احادیث یاد کیا کرتا ہوں۔

(مسند دارمی باب العمل بالعلم)

حدیث رسولؐ کی خاطر رات اور دن ایک کر دینے کے واقعات سے تاریخ بھری پڑی ہے

راتوں کو جاگ جاگ کر :-

صحابہؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سنت کا علم حاصل کرنے کی ایسی دھن تھی کہ راتوں کو جاگ جاگ کر رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کو دیکھتے تھے۔

ام المومنین حضرت میمونہؓ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی خالہ تھیں۔ وہ ان کے ہاں صرف اس غرض رات گذارتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز شب کی کیفیت ملاحظہ کریں۔

(ابو داؤد کتاب الصلوٰۃ باب فی صلوٰۃ اللیل)

ایک بار حضرت زید بن خالدؓ آستانہ مبارک پر ٹیک لگا کر بیٹھے رہے اور آپؐ کی نماز شب کی پوری کیفیت ملاحظہ کی۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الصلوٰۃ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالے عنہ کی عمر آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے زمانہ میں صرف آٹھ سال کی تھی۔ لیکن حضورؐ کے حالات کا بغور مطالعہ کرتے رہتے تھے اور انہیں یاد رکھتے تھے۔ منبر کے بالکل قریب بیٹھ کر وعظ سنتے تھے۔ ایک مرتبہ دعوے سے فرمایا کہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کی رات کی نماز کے متعلق اکثر صحابہؓ کی نسبت زیادہ واقفیت رکھتا ہوں)

(بحوالہ مسلم نوجوانوں کے سنہری کارنامے ص۳۰)

عورتوں کے لئے تو گھروں سے باہر نکل کر علم حاصل کرنا مشکل ہوتا تھا۔ مگر صحابیاتؓ یہ پسند نہ کرتی تھیں کہ وہ اس میدان میں مردوں سے پیچھے رہ جائیں۔ چنانچہ ایک دفعہ صحابیاتؓ نے مل کر آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے عرض کیا کہ مرد تو روز آپؐ سے دین کی باتیں سنتے ہیں ہمارے لئے بھی کوئی دن مقرر کیا جائے جب آپؐ ہم سے خطاب فرمائیں چنانچہ حضورؐ نے دن معین کر دیا اور عورتوں کو نصائح فرمائیں۔

(بخاری کتاب العلم۔ باب ھل یجعل للنساء یوم علی حدۃ)

طویل انتظار کے بعد :-

بعض اوقات طالب علم اپنے استاد سے کچھ پوچھنا چاہتا ہے۔ مگر احترام و ادب استاد کی وجہ سے یا مناسب موقع نہ ملنے کی وجہ سے پوچھ نہیں سکتا۔ ہمارے بزرگوں کے ساتھ بھی یہ واقعات پیش آتے تھے۔ لیکن وہ بد دل ہو کر چھوڑ نہ دیتے بلکہ مناسب موقعہ کی تلاش میں رہتے خواہ مدتوں انتظار کرنا پڑتا۔

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ، گناہ و ثواب کی حقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرنا چاہتے تھے مگر موقع نہ ملا انہوں نے پورا ایک سال مزید مدینہ میں قیام کیا اور حضورؐ سے جواب لے کر واپس گئے۔ (صحیح مسلم کتاب البر والصلۃ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں :-

"میں ایک سال تک انتظار کرتا رہا میں ارادہ کر رہا تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، سے ایک حدیث پوچھوں مگر ان کے رعب کی وجہ سے جرأت نہ کر سکا۔ یہاں تک کہ حج یا عمرہ کے موقع پر مرالظہران کی گھاٹی میں واقعہ درختوں میں وہ کسی وجہ سے پیچھے رہ گئے۔ میں تو موقعہ کی تلاش میں تھا۔ تنہائی میسر آئی تو میں نے عرض کیا اے امیرالمومنین میں دو سال سے ارادہ کر رہا ہوں کہ آپ سے ایک حدیث پوچھوں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ پوچھو اگر میرے علم میں ہوگی تو میں ضرور بتادوں گا

(بخاری کتاب التفسیر۔ سورۃ التحریم)

حضرت ابو قلابہؓ کہتے ہیں کہ میں مدینہ میں آیا۔ تو اپنے کاموں سے فارغ ہونے کے بعد تین دن مزید ٹھہرا صرف اس مقصد سے کہ ایک صحابیؓ کی آمد متوقع تھی جو احادیث بیان کرتے تھے۔ چنانچہ جب وہ آئے تو میں نے ان سے فیض پایا۔

(مسند دارمی۔ باب الرحلۃ فی طلب العلم)

دوریاں ختم کر دیں :-

جو صحابہؓ مدینہ سے باہر رہتے تھے انہوں نے ایسا انتظام کیا ہوا تھا کہ حضور کے تازہ ارشادات ان تک پہنچتے رہیں۔

حضرت عمرؓ کی رہائش "عوالی" میں تھی جو مدینہ سے کسی قدر دور ہے معروفیات کی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں روزانہ حاضر ہونا ممکن نہ تھا تاہم آپ نے اپنے ایک پڑوسی کے ساتھ مل کر یہ معمول بنا لیا تھا کہ ایک روز خود حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے دوسرے روز اپنے پڑوسی حضرت عتبان بن مالکؓ کو بھیجتے تھے اور دونوں ایک دوسرے کو دربار نبوت کی خبریں پہنچاتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب العلم باب التناوب فی العلم)

مدینہ سے دور رہنے والے مسلمان قبائل اپنے میں سے بعض کو نمائندہ بنا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں بھیجا کرتے تھے جو دربار رسالت میں کچھ عرصہ رہ کر تعلیم دین حاصل کرکے اور پھر واپس جا کر اپنے قبیلہ کو سکھاتے تھے اور اس آیت کی عملی تفسیر پیش کرتے تھے۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي

لدین ولینذروا قومھم اذا
رجعوا الیھم لعلھم یحذرون۔
(التوبہ: ۱۲۲)

کہ مومنوں کے لئے یہ تو ممکن نہ تھا کہ وہ سب کے سب اکٹھے ہو کر تعلیم دین کے لئے نکل پڑیں۔ پس کیوں نہ ہوا کہ ان کی جماعت میں سے ایک گروہ نکل پڑتا تاکہ وہ دین پوری طرح سیکھتے اور اپنی قوم کو واپس لوٹ کر بے دینی سے ہوشیار کرتے تاکہ وہ گمراہی سے ڈرنے لگیں۔

صحابہ کرام نے اس پر بھرپور عمل کیا بے شمار وفود حضورؐ کی خدمت میں یکے بعد دیگرے حاضر ہوتے۔ سب کا تذکرہ تو اس مضمون میں ناممکن ہے صرف چند ایک کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔

بحرین سے قبیلہ عبدالقیس کا وفد حضور صلّے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ہم ایک طویل مسافت طے کر کے آئے ہیں درمیان میں ہر طرف کفار بھیلے پڑے ہیں اس لئے ہم سوائے حرمت والے چار مہینوں کے حاضر خدمت نہیں ہو سکتے آپ ہم کو وہ احکام سکھائیں جن کی تعلیم ہم واپس جا کر اپنی قوم کو دیں۔

(بخاری کتاب العلم باب تحریض النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم)

حضرت مالکؓ بن حویرث کہتے ہیں کہ:۔
میں اپنے قبیلے کے کچھ لوگوں کے ساتھ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خدمت میں علم دین سیکھنے کے لئے حاضر ہوا۔ ہم مدینہ میں بیس دن ٹھہرے۔ حضورؐ بہت ہی مہربان اور پیارے وجود تھے آپؐ نے جب دیکھا کہ ہم اداس ہو رہے ہیں تو حضورؐ نے ہمیں نصائح فرما کر واپس جانے کی اجازت دے دی۔

(بخاری کتاب الاذان باب لیؤذن فی السفر)

قبیلہ بنو سعد کی طرف سے حضرت ضمام بن ثعلبہؓ آئے اور نماز اور روزہ وغیرہ کے متعلق چند سوالات کر کے کہا کہ میں اپنی قوم کی طرف سے قاصد بن کر آیا ہوں۔ مجھے کچھ تعلیم دیجئے

(بخاری کتاب العلم باب القراءۃ)

جو لوگ ان وفود میں آتے تھے انہیں بعض اوقات یہ مسئلہ بھی پیش آتا تھا کہ ہمارے سامان اور سواریوں کی حفاظت کون کرے جو شخص اس کام کا ذمہ لیتا اس کا طرز عمل کیا ہوتا تھا۔ دو واقعات ملاحظہ ہوں۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہٗ فرماتے ہیں کہ میں بارہ سواروں کے ساتھ مدینہ آیا میرے ساتھیوں نے کہا کہ ہمارے اونٹوں کو کون چرائے گا کہ ہم آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر علم حاصل کریں اور واپس آکر اسے سب کچھ بتادیں۔

میں نے اونٹوں کا خیال رکھنے کا کام اپنے ذمہ لیا اور کئی دن تک یہ کام انجام دیتا رہا۔

پھر میں نے دل میں سوچا کہ یہ تو گھاٹے کا سودا ہے میرے ساتھی حضورؐ سے وہ کچھ سیکھ لیں گے جو میں نے نہیں سیکھا۔ چنانچہ بے قرار ہو کر ایک روز میں حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ کی پاک مجلس میں شامل ہوا۔

(حلیۃ الاولیاء جلد ۹ صفحہ ۳۰۷)

حضرت عثمان بن ابی العاصؓ فرماتے ہیں کہ:۔
ثقیف کے وفد کے ہمراہ میں بھی حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضورؐ سے ملاقات سے پہلے ہم نے کپڑے بدلے تو میرے ساتھیوں نے کہا ہماری سواریوں کو کون تھامے گا؟ میں سب سے چھوٹا تھا اس لئے میں نے اس شرط پر پیچھے رہنا منظور کیا کہ بعد میں وہ میری سواری کا خیال رکھیں گے اور میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہوں گا۔

(مجمع الزوائد۔ کتاب المناقب)

(بہ شکریہ روزنامہ الفضل ربوہ)

مذمت　　اور　　مطالبہ

کراچی۔ کالعدم مسلم لیگ (خواجہ خیرالدین گروپ) اور ایم۔آر۔ڈی کے جنرل سیکرٹری خواجہ خیرالدین نے صوبہ میں مذہبی نوعیت کے مختلف الزامات میں ستر (۷۰) قادیانیوں کی گرفتاری کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مختلف مذاہب سے متعلق افراد کے درمیان درگزر، بھائی چارے اور دوستانہ تعلقات اس صوبے کی صدیوں پرانی روایت ہے اور حالیہ مذہبی تعصب اور نفرت اس صوبے کی روایت کے خلاف ہے جسے لازمی طور پر ختم ہونا چاہیئے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ

قادیانیوں کی گرفتاری کے سلسلہ میں
حکومت پارٹی بن گئی ہے۔

اور اس طرح وہ عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا اگرچہ ہم قادیانی نہیں ہیں۔ لیکن انصاف کے نام پر ہم قادیانیوں کی فوری رہائی اور عائدشدہ الزامات واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں انہوں نے سندھ کے تمام لوگوں کے حقوق بلاتاخیر بحال کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔　　(جنگ ۱۰ مئی ۱۹۸۵ء)

(بہ شکریہ "لاہور" ۱۸ مئی ۱۹۸۵ء)

افسوس ناک وفات

محترمہ سردار بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت مرزا برکت علی صاحب جو ہماری جماعت ٹورنٹو کے صدر جناب مرزا فضل الرحمٰن صاحب کی والدہ تھیں اور صحابیہ تھیں مورخہ ۲۸ جون کو پاکستان میں وفات پا گئیں۔ ان کی نماز جنازہ غائب مولینا نسیم مہدی صاحب نے ۲۹ جون کو جلسہ سالانہ شروع ہونے سے قبل پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور جناب مرزا فضل الرحمٰن صاحب اور دیگر سب لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے آمین۔

اعلان برائے اشاعت مضامین

عہدیداران ــ احباب اور بہنوں کی خدمت میں درخواست ہے کہ احمدیہ گزٹ کے وقت پر شائع کرنے کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ وہ جو اعلان، درخواست یا مضمون شائع کرانا پسند فرمادیں وہ ہر مہینے کی پندرہ تاریخ سے پہلے ایڈیٹر کو پہنچا دیا کریں ورنہ اس کے اگلے ماہ کے شمارہ میں شائع کئے جانے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ امید ہے اس سلسلہ میں ادارہ کے ساتھ تعاون کیا جائے گا۔

ایڈیٹر۔

ٹورنٹو میں عید

ٹورنٹو میں خدا تعالیٰ کے فضل سے عید ۱۹ر جون بروز بدھ منائی گئی۔ نماز عید کا انتظام فالسٹاف کمیونٹی سنٹر۔ ڈاؤنز ویو میں کیا گیا تھا اور اس کا اعلان نماز جمعہ اور دیگر اجتماعات میں کیا جاتا رہا۔ باوجود اس کے کہ یہ ہفتہ کے کام کرنے والے دنوں میں سے ایک دن تھا لیکن حاضری نہایت خوشکن تھی۔ ہال پوری طرح بھرا ہوا تھا۔ مستورات کے لئے اسی ہال میں پردے کے پیچھے نماز کی ادائیگی کا پورا انتظام کیا گیا تھا۔

نماز ہمارے نو آمدہ مبلغ جناب مولانا نسیم مہدی صاحب نے پڑھائی۔ آپ نے سورہ ابراھیم کی آیات پڑھ کر خطبہ شروع فرمایا اور کعبۃ اللہ کی تعمیر، اس کی اہمیت اور تاریخ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت ابراہیم نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے تحت اس کی تعمیر فرمائی۔ آپ اس کے معمار تھے اور ان کے نوعمر بیٹے حضرت اسمٰعیل مزدور۔ اس میں کسی قسم کی سجاوٹ یا مصنوعی حسن پیدا کرنے کی کوئی کوشش نہ کی گئی تھی۔ محض اینٹ، گارے اور پتھروں کا ایک کمرہ تھا جو خدائے واحد کی عبادت کے لئے اس کے دو بندوں نے تعمیر کیا اور آج یہ ساری مسلمان قوم کا مرکز ہے۔ اسی طرح ہمارے آقا و مولا سیدنا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں جب مسجد نبوی تعمیر کی تو یہ بھی انتہائی سادہ سی عمارت تھی جو محض کچی اینٹوں اور گارے سے تعمیر کی گئی۔ اس پر سیمنٹ یا منقش لکڑی یا شیشے کی چھت نہیں ڈالی گئی۔ محض کھجور کے پتوں سے اسے ڈھانک دیا گیا تھا۔ تھوڑی سی بھی بارش ہوتی تو چھت ٹپکنے لگ جاتی اور سجدہ کرنے والوں کی پیشانیاں مٹی اور کیچڑ سے لت پت ہو جاتیں۔ مگر آج ۸۰ کروڑ مسلمان اسی مسجد میں نماز کی ادائیگی اپنی زندگی کا فخر سمجھتے ہیں۔ آج ہمیں ٹورنٹو میں بھی ایک مسجد کی ضرورت ہے۔ اس لئے اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جلد سے جلد اسے تعمیر کیا جائے۔ مسجد کمیٹی کو یہ ہدایت کر دی گئی ہے کہ اس کام کو اولیت دیں اور جلد از جلد مناسب جگہ پر زمین حاصل کر کے تعمیر کے انتظامات شروع کریں۔

ہماری جماعت میں مختلف پیشوں اور فرموں اور دفاتر میں کام کرنے والے احباب موجود ہیں۔ جس دوست کو کوئی مناسب جگہ یا عمارت کا علم ہو وہ مبلغ انچارج یا مسجد کمیٹی کو اس کی تفاصیل سے آگاہ کرے تاکہ منجملہ دیگر تجاویز کے اسے بھی مدنظر رکھا جا سکے۔ اس کے لئے ۱۵ر اگست آخری تاریخ مقرر کی گئی ہے اس کے بعد پھر جو بھی فیصلہ ہوگا اس پر عمل کیا جائے گا۔ خطبہ کے بعد دعا ہوئی اور یہ تقریب ختم ہوئی۔ اس کے بعد چائے اور مٹھائی سے احباب کی تواضع کی گئی۔

مورخہ ۲۲ر تاریخ بروز ہفتہ جماعت کی طرف سے میڈو ویل پارک مسی ساگا میں پکنک کا انتظام کیا گیا۔ بہت سے احباب اور خواتین تشریف لائے۔ بہت اچھا وقت گزرا۔ کھانے اور مشروبات کا نہایت اعلیٰ انتظام تھا۔ اس میں ہمارے بھائی مکرم ناصر صوفی صاحب، ان کی اہلیہ اور بچگان حسب معمول پیش پیش تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ قریباً تین بجے تیز بارش شروع ہو گئی جس کی وجہ سے پکنک ختم ہوئی اور احباب اور بہنیں اپنے اپنے گھروں کو واپس تشریف لے گئے۔

ہمارے رسائل اور ہمارے فرائض

ہم میں سے کون ہے جسے جماعت کے حالات کا علم نہیں اور ان تکالیف اور شدائد کا احساس نہیں جن سے ہمارے احباب اور ادارے گزر رہے ہیں اسی طرح ہمارے اخبارات اور رسائل پر روز بروز پابندیاں زیادہ سے زیادہ کی جارہی ہیں۔ ان کے پیش نظر احباب کی خدمت میں یہ دردمندانہ گزارش کی جارہی ہے کہ آپ محض چند ڈالر خرچ کر کے ان رسائل کی گرانقدر امداد کر سکتے ہیں۔ ان رسائل میں انصار اللہ، خالد، تشحیذ الاذہان مصباح، اور تحریک جدید مرکزی رسائل ہیں۔ ہفت روزہ لاہور بہت معلوماتی اور نڈر اخبار ہے یہ سب ہماری توجہ اور امداد کے مستحق ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اردو جاننے والے احباب اس طرف خاص توجہ فرمائیں گے اور ان کو منگوانے کا انتظام فرمائیں گے۔

ماہنامہ انصار اللہ کے سلسلہ میں احباب کی خدمت میں نمائندہ "انصار اللہ" کی طرف سے ایک خط بھی لکھا گیا ہے۔ امید ہے سب احباب اس کی طرف خاص توجہ فرمائیں گے اور چند ڈالر

خروج کر کے اس رسالہ کی سرپرستی فرمائیں گے اور اس کے ذریعہ اپنی اور اپنے خاندان کی تربیت کا اہتمام بھی فرمائیں گے۔

جو ہمارا تھا وہ اب دلبر کا سارا ہو گیا
آج ہم دلبر کے اور دلبر ہمارا ہو گیا
شکر للہ مل گیا ہم کو وہ لعل بے بدل
کیا ہوا گر قوم کا دل سنگ خارا ہو گیا

درثمین

ہم نے اسلام کو خود تجربہ کرکے دیکھا
نور ہے نور اٹھو دیکھو سنایا ہم نے
اور دینوں کو جو دیکھا تو کہیں نور نہ تھا
کوئی دکھلائے اگر حق کو چھپایا ہم نے

دعائے خاص کی درخواست

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کی علالت

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ ایک لمبے عرصہ سے علیل ہیں ہمیں ان کی صحت کے بارہ میں تازہ اطلاع تو کوئی نہیں لیکن یہ ایسے بابرکت وجود ہیں جن کے لئے دعا کی تحریک کرنا ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ احباب اور بہنیں ان کی صحت و عافیت اور عمر درازی کی دعا فرماتے رہیں۔

حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی علالت

حضرت چوہدری صاحب کے بارہ میں ہم سب کو علم ہے کہ کس قدر قیمتی، نافع الناس مخلص اور فدائی بزرگ ہیں۔ آج وہ بیمار ہیں۔ ادارہ ھذا ان کی صحت یابی کے لئے احباب اور بہنوں کی خدمت میں خاص طور پر درخواست کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس نیک مخلص اور نافع الناس بزرگ کو صحت بھی عطا کرے اور عمر دراز بھی بخشے۔

ربوہ (صفحہ ۱۳ سے)

لیکن یہ بات کھلا راز ہے کہ یہ زمین احمدی آباد کاروں یا احمدی ضرورت مندوں میں تقسیم نہیں کی جائے گی۔

۱۹۸۳ء میں حکومت کی طرف سے اذان پر پابندی عائد کر دی گئی اور اب ربوہ کی پچاس سے زائد مساجد سے اذان کی آواز خاموش ہے۔ پریس سر بمہر کر دیا گیا جس سے مرکزی اخبارات بند ہو گئے۔ کلمہ "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کے اعلان پر پابندی عائد کر دی گئی۔ تبلیغ حکماً ممنوع قرار دے دی گئی۔ لاؤڈ سپیکر کی اجازت ختم کر دی گئی۔ خدام الاحمدیہ، اطفال الاحمدیہ، لجنہ اماء اللہ کے اجتماعات کی اجازت نہیں دی گئی۔ ۱۹۸۴ء کے جلسہ سالانہ پر پابندی لگا دی گئی۔ غیر احمدیوں کی ہلڑ بازی، گالی گلوچ، غیر مہذبانہ زبان اور نعرہ بازی کو کھلی چھٹی دے دی گئی۔

ربوہ کی یہ بہت مختصر سی کہانی ہے۔ ایک دو واقعات کی تفصیل بھی بتائی جائے تو یہ مضمون طویل تر ہوتا چلا جائے گا۔ اس لئے اب انہی لفظوں پر ختم کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے مخالفوں کو سمجھ دے اور حکومت عقل کے ناخن لے کیونکہ ہمارا ایمان ہے کہ یہ سلسلہ الٰہی سلسلہ ہے اسے بڑھنا اور ترقی کرنا ہے اور کوئی نہیں جو اس کی ترقیات کے سامنے روک بن سکے۔

ہے سر رہ پر مرے وہ خود کھڑا مولا کریم
پس نہ بیٹھو مری راہ میں اے شریرانِ دیار

کیوں عجب کرتے ہو گر میں آگیا ہو کر مسیح
خود مسیحائی کا دم بھرتی ہے یہ باد بہار
آسمان پر دعوت حق کے لئے اک جوش ہے
ہو رہا ہے نیک طبعوں پر فرشتوں کا اتار

ربوہ

قادیان جماعت احمدیہ کا دائمی مرکز ہے لیکن ۱۹۴۷ء کے خونین فسادات کے بعد جب احمدیوں کو مجبوراً قادیان خالی کرنا پڑا اور وہاں صرف چند درویش مقامات مقدسہ کی حفاظت کے لئے رہ گئے تو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پاکستان میں جماعت کے عارضی مرکز کی تلاش فرمائی۔ دو تین جگہیں تجویز ہوئیں لیکن دریائے چناب کے مغربی جانب تین میل کا بے آباد شور زمین کا پیلا ٹکڑا پسند فرمایا۔ یہ چند سطور اسی جگہ کے بارہ میں پیش کی جا رہی ہیں۔

۱۹۴۸ء میں جب یہ زمین حاصل کرنے کی تجویز ہوئی تو حکومت پنجاب سے اس کی خرید کے بارہ میں خط و کتابت ہوئی اور قیمت طے کی گئی۔ حکومت نے اس کے بارہ میں اخبارات میں اعلان کیا اور جب کوئی اعتراض نہ ملا تو اسے فروخت کرنے کا فیصلہ کر دیا گیا اور جماعت احمدیہ نے یہ جگہ **قیمت ادا کر کے** خرید لی اس کا رقبہ قریباً ایک ہزار ایکڑ سے کچھ زیادہ تھا مگر اب کچھ مزید زمین خرید کر کے اس میں شامل کی گئی ہے۔ اُس دن جب کہ اس زمین پر عارضی مرکز بنانے کا فیصلہ کیا گیا حضرت مصلح موعود مع قریباً بیس پچیس احباب کے اس زمین پر تشریف لائے اور اس کے چاروں کونوں پر بطور صدقہ جانور ذبح کئے گئے نیز حضور نے ایک روح پرور خطاب فرمایا۔ ان چند لوگوں میں راقم الحروف* بھی شامل تھا۔ حضور نے کثرت کے ساتھ وہ دعائیں تلاوت فرمائیں جو ابوالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کی بنیاد رکھتے وقت تلاوت فرمائی تھیں۔ اس کے بعد صدر انجمن اور تحریک جدید کے بعض دفاتر کو یہاں منتقل ہونے کا ارشاد فرمایا

ابتداء میں اس لق و دق صحراء میں چند خیمے لگائے گئے جن میں کارکنان جماعت نے کام شروع کیا۔ کیسی کیسی مشکلات پیش آئیں یہ ایک لمبی داستان ہے اور اس مختصر سے مضمون میں بیان نہیں ہو سکتی۔ سارا دن ہوا کے جھکڑ چلتے اکثر اوقات کاغذات اڑ جاتے بعض دفعہ خیمے اکھڑ جاتے اور بیچارے کارکنان ان کاغذات کو سنبھالنے کے لئے ان کے پیچھے بھاگا کرتے۔ پانی کا نام و نشان نہ تھا۔ قریباً میل بھر پرے ایک ہینڈ پمپ تھا جہاں سے پانی حاصل کیا جاتا۔ کئی جگہ نلکہ لگانے کی کوشش کی گئی لیکن بے سود۔ شدید گرمی ریت کے طوفان، ہواؤں کا زور۔ پانی کی قلت، عجیب سماں ہوا کرتا تھا۔ سانپ عام ملا کرتے تھے۔ بچھوؤں کی بھرمار تھی۔ اردگرد پہاڑیوں میں کبھی کبھار بھیڑیئے بھی مل جاتے تھے۔ وہاں کے مقامی لوگ بھی اس قطعہ زمین سے دن کو اکیلے دکیلے سفر کرنا خطرہ سے خالی نہیں سمجھتے تھے اور احمدیوں کے اس چھوٹے سے قافلہ کو خیموں میں آباد دیکھ کر طنزیہ مسکراتے ہوئے یہ کہہ کر گزر جاتے کہ چند دنوں کی بات ہے یہ بھی تنگ آکر بھاگ جائیں گے۔ یونہی لشتم پشتم سال گزر گیا۔ اس کے بعد ارشاد ملا کہ کچے عارضی مکانات اور عارضی دفاتر تعمیر کئے جائیں۔ ایک صرف کثیر سے یہ مکانات اور دفاتر تعمیر کئے گئے اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح مع اپنے اہل و عیال ربوہ کے ان کچے مکانات میں منتقل ہو گئے۔ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا بھی ساتھ تشریف لے آئیں اور انہی کچے مکانات میں فروکش ہو گئے۔

اس زمین کے وسط میں سے ریلوے لائن گزرتی ہے اور شمالی حد کے ساتھ ساتھ سرگودھا فیصل آباد شاہراہ شرقاً غرباً گزرتی ہے۔ ریلوے نے عارضی طور پر سٹیشن منظور کر لیا اور حکومت نے ڈاکخانہ کی اجازت دے دی۔ ان خام کچے مکانات میں سے دنیا کے کناروں تک تبلیغ کا عظیم کام شروع ہو گیا۔ اسی ایک کچے کمرہ والے سٹیشن سے مبلغین یورپ اور امریکہ روانہ ہونے لگے اور اسی سٹیشن پر ترقی یافتہ ممالک سے طلباء اور مہمان آیا کرتے تھے۔ بعض اوقات غیر ممالک سے آٹھ آٹھ طلباء بھی گاڑی پر سے اترے اور وہ یہ سب منظر دیکھ کر حیران ہوا کرتے لیکن چند ہی برس میں یہی طلباء جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہو کر دنیا کے ممالک کو واپس روانہ ہو جایا کرتے۔ اسی کچے سٹیشن پر جرمنی کے ایک مشہور عالم ڈاکٹر ٹل مانک جو انہی دنوں مسلمان ہوئے تھے تشریف لائے تھے۔

شروع میں محلوں کے نام الف۔ ب۔ ج۔ دال۔ س۔ ص اور ط رکھے گئے۔ بعد میں ان کے نام دار الیمن۔ باب الابواب۔ دار الرحمت۔ دار البرکات۔ دار النصر۔ دار الصدر۔ دار الفضل اور دار العلوم رکھے گئے۔ ہر محلہ میں ابتداء میں کچی مساجد تعمیر ہوئیں اور بعد میں پختہ بنا دی گئیں۔ اس وقت پچاس سے زیادہ مساجد آباد ہیں جن پر سے اذان کی آواز نہیں دی جا سکتی کیونکہ حکومت پاکستان نے ان کے موذنوں کا گلا گھونٹ دیا ہے۔ پہلے تعلیم الاسلام ہائی سکول اور جامعہ احمدیہ تعمیر کئے گئے اس کے بعد تعلیم الاسلام کالج بھی تعمیر ہو گیا چونکہ جماعت احمدیہ تعلیم نسواں کو بہت اہمیت دیتی ہے اس لئے پہلے نصرت گرلز ہائی سکول اور بعد میں جامعہ نصرت یعنی گرلز کالج شروع کر دیا گیا اور یہ شہر دینی، ثقافتی اور سماجی کارگزاریوں کا مرکز بن گیا۔

۱۹۵۲ء میں پختہ عمارات کی تعمیر کا کام نہایت سرعت کے ساتھ شروع ہوا جو آج تک جاری ہے اور شہر وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ ۱۹۵۲ء میں ہی مکانات صدر انجمن احمدیہ اور تحریک جدید کا کام شروع ہو گیا اور کارکنان رفتہ رفتہ ان مکانات میں منتقل ہونا شروع ہو گئے۔ ۱۹۵۳ء میں دفاتر صدر انجمن

* حسن محمد خان عارف

احمدیہ اور تحریک جدید تعمیر ہونا شروع ہو گئے اور مکمل ہونے پر ان میں منتقل ہو گئے۔ انہی دنوں خلیفۃ المسیح کا وہ مکان بھی بننا شروع ہوا جو قصرِ خلافت کے نام سے موسوم ہے اور اس میں جماعت کے خلفاء قیام فرماتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی جماعت کی سب سے پہلی پختہ مسجد کی تعمیر شروع ہوئی جس کا نام مسجد مبارک رکھا گیا اور یہ قصرِ خلافت سے ملحق بنائی گئی جس میں خلیفۂ وقت پانچوں نمازیں پڑھاتے ہیں

۱۹۵۳ء میں جماعت احرار کی شورش کے نتیجہ میں سارے ملک میں احمدیوں کے خلاف خونین فسادات شروع ہو گئے اور مکانوں کا جلانا۔ قتل و غارت اور لوٹ مار شروع ہو گئی۔ اسی ہنگامہ میں جماعت کے مرکزی دفاتر کی تلاشی ہوئی بعض گرفتاریاں بھی پیش آئیں۔ ہمارے مرکزی اخبار بند کر دیئے گئے لیکن حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پاکر جماعت کے احباب کو یہ خوشخبری سنائی کہ گھبرائیں نہیں۔ ابتلاء اور آزمائش کے یہ دن عارضی ہیں "خدا میری مدد کے لئے دوڑا چلا آرہا ہے"۔ آخر مارچ میں لاہور میں مارشل لاء کے ذریعے یہ شورش ختم ہوئی اور منیر تحقیقاتی کمیشن قائم ہوا جس کی رپورٹ شائع شدہ ہے اور دیکھی جا سکتی ہے۔

کچھ عرصہ بعد ٹیلیفون کا نظام بھی قائم ہو گیا وہ کچا سٹیشن جو محض ایک کچے کمرہ میں سمایا ہوا تھا اس پر وسیع بی کلاس سٹیشن کی صورت میں تعمیر ہوا۔ اس سٹیشن کی تعمیر میں جو کئی برس کی تاخیر ہوئی اس کی بھی وجوہات ہوں گی جو ریلوے کے حکام کو ہی معلوم ہوں گی ورنہ اس کی تعمیر کی منظوری تو کئی برس قبل ہو چکی تھی۔

ربوہ کا پانی انسانی صحت کے لئے سخت نقصان دہ تھا اکثر لوگ جلد اور معدہ کی بیماریوں میں مبتلا ہوتے چلے جا رہے تھے اس لئے دریائے چناب سے صحت مند پانی لانے کی تجویز ہوئی جس میں صدر انجمن احمدیہ نے فراخدلانہ مالی مدد کی اور ایک بڑا پانی کا ٹینک تعمیر ہوا جس سے ربوہ کے ایک حصہ کو صحیح قابل استعمال پانی میسر آنے لگا۔ ربوہ چونکہ بین الاقوامی شہر ہے اور یہاں ترقی و غیر ترقی یافتہ ممالک کے مہمانوں کی آمد کا سلسلہ سال بھر جاری رہتا ہے۔ اس لئے ایسے مہمانوں کی میزبانی کے لئے خاص ان کی تہذیب کے مطابق مہمان خانے تعمیر کئے گئے جن میں ایسے مہمان آرام پا سکیں۔ ابتداء میں جلسہ سالانہ گرلز سکول کے کھیل کے میدانوں میں منعقد ہوتا تھا جب یہ جگہ چھوٹی ہو گئی

تو محلہ دارالبرکات میں جلسہ گاہ کی اصل جگہ جو نقشۂ شہر میں مجوزہ تھی اس پر منعقد ہونا شروع ہوا۔ ابتداء میں صرف دس پندرہ ہزار احمدی شریک ہوتے تھے لیکن خدائی وعدوں کے مطابق یہ جماعت جلد جلد ترقی کر رہی تھی ۱۹۸۳ء کے جلسہ میں قریباً دو لاکھ افراد اس میں شریک ہوئے۔ جمعہ کی نماز ابتداء میں مسجد مبارک میں ہوا کرتی تھی لیکن جب یہ چھوٹی ہو گئی اور احباب جماعت کی قطاریں سڑک تک پہنچنے لگیں تو جامعہ مسجد کی تعمیر کا منصوبہ تیار ہوا۔ شروع میں اس کے اخراجات کا اندازہ پانچ لاکھ روپے کا تھا لیکن بعد میں اس کو وسیع کرنے اور بہتر اور خوبصورت بنانے کے پیش نظر اخراجات کا تخمینہ بڑھ گیا اور یہ مسجد قریباً پندرہ لاکھ روپے کے صرف کثیر سے مکمل ہو گئی۔ اور یہ فن تعمیر کا نہایت حسین نمونہ ہے۔ سب سے خوش کن امر یہ ہے کہ اس کے کل اخراجات صرف ایک مخلص دوست نے ادا کئے جس نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اس کا نام صیغۂ راز میں رکھا جائے۔

اس شہر کی تعمیر تاحال جاری ہے مگر اب حکومت پنجاب بھی اس میں حصہ لے رہی ہے سب سے پہلے ربوہ ریلوے سٹیشن کی سرکاری زمین پر مجلس احرار کو مسجد بنانے کے لئے جگہ دی گئی جہاں انہوں نے مسجد تعمیر کی اور آج اس مسجد سے آٹھ لاؤڈ سپیکروں پر پورے زور سے شہر کی اکثریت آبادی یعنی احمدیوں کے بزرگان کے بارہ میں ایسی غلیظ زبان استعمال کی جاتی ہے جسے صفحۂ قرطاس پر لانا بھی شرمناک ہے اور حکومت کی اپنی زمین پر سے ایسی زبان سننے کے بعد بھی حکومت اس پر کارروائی کرنا نہ صرف ضروری نہیں سمجھتی بلکہ اس کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ اس کان پھٹنے والی آواز سے اگر کسی مریض کو تکلیف ہو یا طالبعلم کا ہرج ہو رہا ہو تو حکومت کو اس سے سروکار نہیں۔ اس کے بعد ربوہ کے مشرقی کنارے پر کچھ زمین حاصل کر کے جس میں ربوہ کے مکینوں کی بھی کچھ زمین ہے وہاں پر ایک جدید کالونی کی تعمیر کی گئی ہے جس پر حکومت نے پختہ سڑکیں اور گھاس کے لان تعمیر کئے ہیں۔ پانی کا ایک ٹینک صرف اس کالونی کے مکینوں کے لئے بنایا گیا ہے۔ اس کالونی میں ایک وسیع مسجد سرکاری خرچ سے تعمیر کی گئی ہے جو اس شہر کی اکثریت کے مخالف یعنی غیر احمدی مُلّاؤں کے سپرد کی گئی ہے جہاں سے صبح و شام جماعت اور اس کے بزرگوں کے خلاف نہایت غیر مہذب زبان میں گالیاں دی جاتی ہیں اس کالونی کی زمین کی تقسیم کا کام ابھی شروع نہیں ہوا